1990 ـ زمين كے اندر پيدا ہونے والى سبزياں كھانا

سوال

ميں ايك عورت كے درس ميں جاتى ہوں اس نے درس ميں كہا كہ زمين كے اندر پيدا ہونے والى سبزياں مكروہ ہيں، اور كئى ايك اشياء كو اكٹھا ايك ہى برتن ميں پكانا حرام ہے، برائے مہربانى آپ اس كے متعلق واضح كريں آيا اس كى يہ بات صحيح ہے يا نہيں ؟
ہمارى عادت ہے كہ زمين كے اندر پيدا ہونے والى پانچ يا چھ سبزياں اكٹھى ايك ہى برتن ميں پكاتے ہيں، كيا اس كى بات صحيح ہے يا غلط ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

اللہ سبحانہ و تعالى كا فرمان ہے:

وہ اللہ جس نے تمہارے ليے زمين كى تمام چيزوں كو پيدا كيا... البقرۃ (29).

اور ايك مقام پر اللہ سبحانہ و تعالى كا فرمان اس طرح ہے:

اے لوگوں زمين ميں جو كچھ ہے اس سے حلال اور پاكيزہ اشياء كھاؤ، اور شيطان كى پيروى مت كرو، يقينا وہ تمہارے ليے واضح اور كھلا دشمن ہے البقرۃ (168).

اور دوسرے مقام پر ارشاد بارى تعالى ہے:

آپ فرما ديجئے كہ اللہ تعالى كے پيدا كيے ہوئے اسباب زينت كو جو اللہ نے اپنے بندوں كے واسطے بنائے ہيں، اور كھانے پينے كى حلال چيزوں كو كس شخص نے حرام كيا ہے آپ كہہ ديجئے كہ يہ اشياء اس طور پر كہ قيامت كے روز خالص اہل ايمان كے ليے ہونگى، اور دنياوى زندگى ميں مومنوں كے ليے بھى ہيں، ہم اسى طرح تمام آيات كو سمجھ داروں كے ليے صاف صاف بيان كرتے ہيں الاعراف (32).

اس سے ہميں يہ علم ہوتا ہے كہ زمين جو كچھ بھى اگاتى ہے وہ اصل ميں حلال ہے، اور بغير كسى شرعى دليل كے اسے حرام يا مكروہ كہنا جائز نہيں، اس ليے ہم يہ سوال كرتے ہيں كہ زمين كے اندر اگنے والى سبزياں مثلا آلو، گاجر اور پياز، لہسن، مولى، شلجم وغيرہ كى حرمت يا كراہت كى كيا دليل ہے ؟؟

پھر اس عورت نے جو قاعدہ اور اصول بیان کیا ہے وہ کتنا ہی عجیب و غریب ہے - جس کے پس منظر سے ہم تو واقف نہیں - وہ یہ کہ مکروہ اشیاء کو ملا کر ایك ہی برتن میں پکانے کے نتیجہ میں وہ حرام ہو جاتی ہیں ؟!

اگر تو اس کے نتیجہ میں کوئی نشہ آور یا زہریلی چیز بن جائے، یا پھر پکائی گئی چیز حرام ہوتی مثلا خنزیر کا گوشت ہوتا تو ہم کہتے کہ اس کا کھانا حرام ہے، لیکن جو آپ نے ذکر کیا ہے کہ زمین کے نیچے اگنے والی پانچ یا چھ سبزیاں اکٹھی پکاتی ہیں، یہ مباح ہے اور اس میں کوئی حرج نہیں.

ہم آپ کو نصیحت کرتے ہیں کہ آپ لا علم شخص کی کلام کو کوئی وزن نہ دیں، اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ ہمیں حق نصیب فرمائے، اور ہمیں دین کی سمجھ عطا فرمائے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.

واللہ اعلم .